بتدریج دوبارہ کھولنے کا منصوبہ

ویکسینیشن میں اضافہ کے ساتھ، انفیکشن کنٹرول کے قومی اقدامات میں نرمی اور معاشرے کے بتدریج دوبارہ کھولنے کے لیے ایک مجموعی منصوبہ بندی کی ضرورت ہو گی۔

محکمہ برائے صحت اور ادارہ برائے صحت کے تعاون سے حکومت نے معاشرے کو بتدریج دوبارہ کھولنے کے لیے ایک منصوبہ اپنایا ہے۔ یہ منصوبہ اس بات پر مبنی ہے کہ 25 مارچ سے پہلے اقدامات کی سطح کیا تھی۔اس منصوبہ میں قومی اقدامات کو مرحلہ وار کم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس وباء کو متاثر کرنے والے عوامل کے غیر یقینی حالات کی وجہ سے اس منصوبے پر جون یا اس سے قبل از سرِ نو دوبارہ غور کیا جائے گا۔ انجمنِ برائے ملازمین کا کہنا ہے کہ معاشرے کو دوبارہ کھولنے کے پہلے مرحلے کو وباء کے قابو آنے پر شروع کیا جائے۔ جس کا مطلب ہے کہ انفیکشن اور بیماری کا دباؤ پچھلے تین ہفتوں سے نچلی سطح پر مستحکم چلا آرہا ہو۔ حکومت دوبارہ کھولنے کے لیے تین مرکزی عناصر پر غور کر رہی ہے: انفیکشن کی صورتحال میں نشونما، شعبہِ صحت کی اہلیت اور کتنے لوگوں کو ویکسین لگ چکا ہے۔

قابو پانے کے لیے اگلے مرحلے پر جانے سے پہلے ، مرحلہ وار نتائج کو دیکھنا ہو گا۔ اگلا قدم اٹھانے سے پہلے، تقریباً تین ہفتے کے عرصے میں ضروری تجزیہ اور اندازہ لگایا جا سکتا ہے: اعداد و شمار اہم ہیں، تاریخیں نہیں۔

منسلک جدول میں آپ دیکھ سکتے ہیں کی کس طرح مرحلہ وار اقدامات میں سہولیات فراہم کی جایئں گی۔